وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرنگرانی

پبلک سکولز ری آرگنائزیشن پروگرام

پروگرام کا تعارف اور شرائط وضوابط

پبلک سکولز ری آرگنائزیشن پروگرام (PSRP) کا تعارف

پنجاب کے سرکاری سکولوں میں معیار تعلیم کی بہتری اور نظام تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے حکومتِ پنجاب نے PPP ماڈل کے طرز پر کم کارکردگی والے سرکاری سکولوں کو آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت پنجاب کے سرکاری سکولوں کی تنظیم نو کر کے عالمی معیار کے مطابق بنانے کیلئے پبلک سکولز ری آرگنائزیشن پروگرام (PSRP) کے اجرا کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

PSRP کے مقاصد

1. کم کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سرکاری سکولوں میں طلبا کی تعداد میں اضافہ کرنا۔
2. تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا۔
3. طلبا و طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی۔
4. پانچ سے سولہ سال کی عمر کے بچوں بشمول سکول سے باہر بچوں (OOSC) کے سکولوں میں داخلے کو یقینی بنانا۔
5. اساتذہ کی کمی کو پورا کرنا۔

تفصیلی شرائط وضوابط:

شرائط برائے Young Entrepreneur گروپ

1. Young Entrepreneur گروپ تین افراد پر مشتمل ہوگا البتہ گروپ تین مرد حضرات یا تین خواتین یا تین خواتین و حضرات پر مشتمل ہو سکتا ہے۔
2. مرکزی درخواست گذار (Lead Applicant) کا ایم اے/ ایم ایس سی/ بی ایس (سولہ سالہ تعلیم) تعلیمی قابلیت کا حامل ہونا ضروری ہے۔ جبکہ باقی دو درخواست گذاران کی کم از کم تعلیمی قابلیت گریجوایٹ (چودہ سالہ) ہونا ضروری ہے۔
3. تینوں درخواست گذاروں میں سے کم از کم ایک درخواست گذار کا نیچرل سائنسز/ انفارمیشن ٹیکنالوجی/ کمپیوٹر سائنسز میں گریجوایٹ (چودہ سالہ تعلیم) ہونا ضروری ہے۔
4. تینوں درخواست گذاروں کی عمر کی حد زیادہ سے زیادہ چالیس سال ہے۔ عمر کا تعین درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ سے کیا جائے گا۔
5. Young Entrepreneur گروپ سکولوں کی دی گئی فہرست میں سے پانچ (5) موزوں اسکولوں کا انتخاب کرے گا۔ منتخب کردہ سکولوں میں سے درخواست گذاروں کے مجموعی سکور کی بنیاد پر میرٹ پر آنے کی صورت میں ایک سکول الاٹ کیا جائے گا۔
6. تین درخواست گذاران میں سے ایک درخواست گذار کے پاس کم از کم تین (3) سالہ پوسٹ کوالیفکیشن ٹیچنگ/ اسکول مینجمنٹ کا تجربہ ہونا ضروری ہے۔
7. حاضر سروس سرکاری ملازمین درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔
8. تینوں درخواست گذاروں میں سے کوئی بھی فرد پینشن یا کسی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ/ سزا یافتہ یا مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والا نہ ہو۔
9. تینوں درخواست گذار، درخواست کے ساتھ پولیس کیریکٹر سرٹیفکیٹ جمع کروائیں گے۔
10. ایسی درخواست جو غلط معلومات یا نامکمل دستاویزات پر مشتمل ہوگی رد کر دی جائے گی۔

شرائط برائے انفرادی (Individual) درخواست گذار

1. ایم اے/ ایم ایس سی/ بی ایس (سولہ سالہ) تعلیمی قابلیت رکھنے والے (خواتین و حضرات) درخواست دینے کے اہل ہیں۔
2. درخواست گذار کے پاس ایم اے/ ایم ایس سی/ بی ایس (سولہ سالہ) تعلیم مکمل کرنے کے بعد کم از کم 05 سال کا تجربہ ہونا ضروری ہے۔
3. درخواست دہندگان کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 65 سال ہے۔ درخواست گذار کی عمر کا تعین درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ سے کیا جائے گا۔
4. ریٹائرڈ سرکاری ملازمین بھی درخواست دینے کے اہل ہیں۔
5. درخواست گذار، سکولوں کی دی گئی فہرست میں سے پانچ (5) موزوں سکولوں کا انتخاب کرے گا۔ جبکہ منتخب کردہ سکولوں میں سے درخواست گذار کے سکور کی بنیاد پر میرٹ پر آنے کی صورت میں ایک سکول الاٹ کیا جائے گا۔
6. درخواست گذار پینشن یا کسی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ/ سزا یافتہ یا مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والا نہ ہو۔
7. درخواست گذار، درخواست کے ساتھ پولیس کیریکٹر سرٹیفکیٹ جمع کروائے گا۔
8. ایسی درخواست جو غلط معلومات یا نامکمل دستاویزات پر مشتمل ہوگی رد کر دی جائے گی۔
9. حاضر سروس سرکاری ملازمین درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

شرائط برائے Ed-Tech فرم

1. ایسا ادارہ یا فرم جو کم از کم پانچ سال سے قائم ہو اور رجسٹرڈ ہو۔
2. فرم کے پاس Ed-Tech کے تحت آئی ٹی انفراسٹرکچر، سافٹ ویئر/ ہارڈ ویئر کی سروسز مہیا کرنے کا پانچ (5) سالہ تجربہ ہونا ضروری ہے۔
3. فرم Ed-Tech کے تحت کم از کم دس (10) فزیکل سکولوں میں آئی ٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہو۔ ثبوت کے طور پر سکولوں کی مکمل فہرست بمعہ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگی۔
4. Ed-Tech فرم ایک ضلع میں کم از کم دس (10) سکولوں کے کلسٹر کے لیے درخواست دے گی (کلسٹر میں زیادہ سے زیادہ اسکولوں اور ضلعوں کی کوئی حد نہیں تاہم ہر ضلع میں کلسٹر کم از کم دس (10) سکولوں پر مشتمل ہوگا)
5. Ed-Tech فرم اپنے ہدف سے دوگنا سکولوں کے لیے درخواست دے گی تاکہ میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے فرم کو اس کی مطلوبہ تعداد کے مطابق سکول دیئے جا سکیں۔
6. Ed-Tech فرم کو اپنے مالی استحکام کا ثبوت دینا ہوگا۔ فرم ثبوت کے طور پر پچھلے تین سال کی Audit Reports اور Tax Returns درخواست کے ساتھ جمع کروائے گی۔
7. فرم پینشن یا کسی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ/ سزا یافتہ نہ ہو۔
8. ایسی درخواست جو غلط معلومات یا نامکمل دستاویزات پر مشتمل ہوگی رد کر دی جائے گی۔
9. ایک کلسٹر میں باہمی مقابلہ کی صورت میں میرٹ پر اوپر آنے والی Ed-Tech فرم کا انتخاب کیا جائے گا۔

حکومتِ پنجاب کا معیاری تعلیم کے ساتھ سرکاری سکولوں کی بحالی کا انقلابی منصوبہ

شرائط برائے ایجوکیشن چین (Education Chain)

1. ایسی ایجوکیشن چین جو کم از کم پانچ سال سے قائم ہو اور رجسٹرڈ ہو۔
2. ایجوکیشن چین کا تعلیم کے شعبے میں کام کرنے کا کم از کم پانچ سال کا تجربہ ہو۔
3. ایجوکیشن چین کم از کم دس فارمل رجسٹرڈ اسکولوں کو چلا رہی ہو۔ ثبوت کے طور پر سکولوں کی مکمل فہرست بمعہ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جمع کروانا ہوگی۔
4. ایجوکیشن چین اپنے ہدف سے دوگنا سکولوں کے لیے درخواست دے گی تاکہ میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے ایجوکیشن چین کو اس کی مطلوبہ تعداد کے مطابق سکول دیئے جا سکیں۔
5. ایجوکیشن چین ایک ضلع میں کم از کم 10 اسکولوں کے کلسٹر کے لیے درخواست دے گی (کلسٹر میں زیادہ سے زیادہ اسکولوں اور ضلعوں کی کوئی حد نہیں تاہم ہر ضلع میں کلسٹر کم از کم دس (10) سکولوں پر مشتمل ہوگا)
6. ایجوکیشن چین پینشن یا کسی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ/ سزا یافتہ نہ ہو۔
7. ایسی درخواست جو غلط معلومات یا نامکمل دستاویزات پر مشتمل ہوگی، رد کر دی جائے گی۔
8. ایجوکیشن چین کو اپنے مالی استحکام کا ثبوت دینا ہوگا۔ ایجوکیشن چین ثبوت کے طور پر پچھلے تین سال کی Audit Reports اور Tax Returns درخواست کے ساتھ جمع کروائے گی۔
9. ایک کلسٹر میں باہمی مقابلہ کی صورت میں میرٹ پر اوپر آنے والی ایجوکیشن چین کا انتخاب کیا جائے گا۔

شرائط برائے این جی اوز/ سی ایس اوز (CSOs/NGOs)

1. رجسٹرڈ غیر سرکاری تنظیمیں (NGOs) اور سول سوسائٹی آرگنائزیشنز (CSOs) جو کم از کم پانچ سال سے قائم ہوں اور حکومت کے متعلقہ ادارے کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں۔
2. رجسٹرڈ غیر سرکاری تنظیمیں (NGOs) اور سول سوسائٹی آرگنائزیشنز (CSOs) جو تعلیمی شعبے یا سماجی شعبے میں کم از کم پانچ سال کا تجربہ رکھتی ہوں درخواست دینے کی اہل ہیں۔ البتہ ایسی این جی اوز/ سی ایس اوز جو تعلیمی شعبہ میں سکول چلانے کا تجربہ رکھتی ہوں گی، ان کو ترجیح دی جائے گی۔
3. این جی اوز/ سی ایس اوز اپنے ہدف سے دوگنا سکولوں کے لیے درخواست دیں گی تاکہ میرٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے این جی اوز/ سی ایس اوز کو ان کی مطلوبہ تعداد کے مطابق سکول دیئے جا سکیں۔
4. این جی اوز/ سی ایس اوز ایک ضلع میں کم از کم دس (10) اسکولوں کے کلسٹر کے لیے درخواست دے گی (کلسٹر میں زیادہ سے زیادہ اسکولوں اور ضلعوں کی کوئی حد نہیں تاہم ہر ضلع میں کلسٹر کم از کم دس (10) سکولوں پر مشتمل ہوگا)
5. این جی اوز/ سی ایس اوز، پینشن یا کسی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹ/ سزا یافتہ نہ ہو۔
6. ایسی درخواست جو غلط معلومات یا نامکمل دستاویزات پر مشتمل ہوگی، رد کر دی جائے گی۔
7. این جی اوز/ سی ایس اوز کو اپنے مالی استحکام کا ثبوت دینا ہوگا۔ این جی اوز/ سی ایس اوز ثبوت کے طور پر پچھلے تین سال کی Audit Reports اور Tax Returns درخواست کے ساتھ جمع کروائیں گی۔
8. ایک کلسٹر میں باہمی مقابلہ کی صورت میں میرٹ پر اوپر آنے والی این جی اوز/ سی ایس اوز کا انتخاب کیا جائے گا۔

عمومی شرائط برائے درخواست گذران

1. مندرجہ بالا پروگرام کے تحت کامیاب درخواست گذاران کو طے شدہ نرخوں کے مطابق سکول میں پڑھنے والے بچوں کی فیس ماہانہ کی بنیاد پر حکومت پنجاب ادا کرے گی۔
2. میرٹ کی تمام تر تفصیلات آن لائن موجود TORs (تفصیلی شرائط وضوابط میں درج ہیں۔
3. ابتدائی مرحلے پر منتخب ایجوکیشن چین، Ed-Tech فرم اور این جی اوز/ سی ایس اوز کو اپنے منتخب کردہ سکولوں کی بہتری کیلئے تجاویز اور انرولمنٹ میں اضافے کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن (Detail Presentation) دیئے گئے فارمٹ کے مطابق دینا ہوگی۔
4. پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بکس بورڈ کی کتابیں استعمال کی جائیں گی جو حکومت پالیسی کے مطابق فراہم کرے گی۔
5. نامکمل، غلط معلومات یا غیر دستخط شدہ درخواست مسترد کر دی جائے گی۔
6. ایسی درخواستیں جن کی پرنٹ شدہ کاپی بمعہ دستاویزات مقررہ تاریخ کے اندر موصول نہیں ہوگی مسترد کر دی جائیں گی۔
7. پروسیسنگ فیس کے بغیر موصول ہونے والی درخواستوں کو مسترد کر دیا جائے گا۔ پرنٹ شدہ درخواست کی کاپی کے ساتھ پروسیسنگ فیس جمع کروانے کا ثبوت لف کرنا لازمی ہے۔
8. درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 5 جون 2024 ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں کو مسترد تصور کیا جائے گا خواہ آن لائن درخواست مقررہ تاریخ کے اندر جمع کروائی گئی ہو۔
9. ہر لحاظ سے مکمل درخواست بمعہ تمام ضروری تصدیق شدہ دستاویزات بذریعہ ڈاک/ کوریئر مقررہ تاریخ تک درج ذیل پتہ پر دفتری اوقات میں موصول ہونی چاہیے۔

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن L-52 گلبرگ III، لاہور

10. ادارہ، کسی بھی ایک یا تمام درخواستوں کو منظور/ مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور اس بابت ادارہ کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا۔
11. مندرجہ بالا پروگرام حکومت پنجاب کی بجٹ کی منظوری کے ساتھ مشروط ہے۔

درخواست فارم، **TORs** اور ترجیحات کی ہدایات پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ **www.pef.edu.pk** پر موجود ہے۔
مزید معلومات کیلئے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے ہیلپ لائن نمبر **111-003-004** پر صبح **9** بجے سے رات **8** بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

آن لائن اپلائی کرنے کے لیے درج ذیل اپلیکیشن پورٹل پر وزٹ کریں۔
https://psrp.pefsis.edu.pk

نوٹ: درخواست فارم کے لفافے پر PSRP Phase-I لکھنا ضروری ہے۔

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن، محکمہ سکول ایجوکیشن، حکومت پنجاب